سوال

(390)یوم عاشوراء کا روزہ

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

یوم عاشورآء یعنی دس محرم کے روزے کا ثواب کیا ہے ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

جامع ترمذی ابواب الصوم بَابٌ فِي الْحَثِّ عَلَى صَوْمِ يَوْمِ عَاشُوْرَاء میں ہے رسول اللہ ﷺ نے صوم یوم عاشوراء کے متعلق فرمایا :

«اِنِّیْ اَحْتَسِبُ عَلَی ا اَنْ یُکَفِّرَ السَّنَةَ الَّتِیْ قَبْلَہ»

''میں اللہ پر امید کرتا ہوں کہ وہ گذشتہ سال کے گناہ معاف فرمائے گا'' صحیح مسلم میں ہے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا آئندہ سال تک اگر میں باقی رہا تو ۹تاریخ کا روزہ رکھوں گا۔ (مسلم۔کتاب الصیام۔باب یوم عاشوراء) اس لیے اب کوئی عاشوراء کا اکیلا روزہ رکھنا چاہتا ہے تو نو محرم کو روزہ رکھے نہ کہ دس محرم کو کیونکہ رسول اللہ ﷺ نے تاریخ دس کو نو میں تبدیل فرمادیا ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

احکام ومسائل

روزوں کے مسائل ج1ص280

محدث فتویٰ